نانی اکثر اپنا چشمہ کہیں رکھ کر بھول جاتی ہیں۔
اسے تلاش کرنے کے لئے کبھی کبھی انہیں ایک اچھے جاسوس
کی ضرورت پڑتی ہے!

پڑھ کر جاننا - ایک معیار سے دوسرے معیار تک۔ یہ کتاب معیار 2 کی ہے۔

PRATHAM BOOKS

پرتھم بکس ہندوستان کی
بیشتر زبانوں میں بچوں کی
کتابیں شائع کرنے والا
غیر منافع بخش اشاعتی ادارہ ہے،
جس کا مقصد بچوں میں پڑھائی
کے تئیں دلچسپی پیدا کرنا ہے۔

www.prathambooks.org

Grandma's Glasses
(Urdu)
MRP: ₹ 30.00

ISBN 978-93-5022-288-1

بچوں کے درمیان پڑھنے کا ماحول تیار کرنے کے لیے 'پڑھو ہندوستان' کے تحت ملک بھر میں ایک تحریک چلائی گئی۔ اس تحریک کے تحت 2004 میں پرتھم بُکس کی بنیاد پڑی۔ پرتھم بکس ہندوستانی زبانوں میں مناسب قیمت اور اچھے معیار کی بچوں کی کتابیں شائع کرنے والا اشاعتی ادارہ ہے۔ ہمارا مقصد ہے کہ ہر ایک بچے کے ہاتھوں میں کتابیں ہوں اور وہ مزے سے پڑھیں۔

اگر ہمارے اس مقصد میں آپ بھی شامل ہونا چاہتے ہیں تو ہمیں میل کریں www.prathambooks.org

روہنی نیلیکانی جب بچوں کے لیے لکھتی ہیں تو اپنا قلمی نام 'نونی' استعمال کرتی ہیں۔ اس لیے وہ بچوں کی دنیا میں 'نونی' کے نام سے ہی جانی جاتی ہیں۔ وہ ایک مصنفہ، انسان دوست اور 'پرتھم بکس' کی بانی چیئر پرسن ہیں۔

تانیہ ویاس نے احمد آباد کے نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ڈیزائن سے انمیشن اور السٹریشن کی ڈگری حاصل کی۔ ان کے دن کی شروعات لکیریں کھینچنے کے ساتھ ہوتی ہے اور جب رات ہوتی ہے تو ان کے سامنے آڑی ترچھی لکیروں سے بنی بے ساختہ تصویریں ہوتی ہیں۔ انہیں چاکلیٹ کھانے، نظمیں لکھنے، چاند کو چھونے، بلیوں کے ساتھ میاؤں میاؤں کرنے، تصویریں اتارنے، دیواروں پر نقش ونگار کرنے اور ہر روز نئی چیزوں کی تخلیق کا بہت شوق ہے۔

چشمہ روئی سے لپٹا ہوا، قلم کے پاس، ٹیلی فون کی بغل میں ان کے ہی میز کے اوپر رکھا ہوا تھا۔ اور میں نے وہاں آدھا کھایا ہوا لڈو بھی دیکھا۔

میں کچھ روپئے جمع کروں گی تا کہ نانی کی اگلی سالگرہ پر میں انہیں ایک دوسرا چشمہ خرید کر دے سکوں!

نانی کے بارے میں اتنی باتیں جاننے کے بعد مجھے ایک تدبیر سوجھی۔

میں نے فوراً گھر کے اندر نئی جگہوں میں ان کا چشمہ تلاش کرنا شروع کیا۔

''ارے واہ، ان کا چشمہ مجھے مِل گیا۔''

راجو نے بتایا کہ آج نانی نے بہت سے کام کیئے۔ انہوں نے وزیرِاعلیٰ کو اپنی پنشن کے لیے خط لکھا۔

امّاں نے بتایا کہ آج انہوں نے تمہاری خالہ سے خوب دیر تک باتیں کیں۔ راجو کا سوئیٹر بُنا۔ اس کے علاوہ کچھ دیر چہل قدمی بھی کی۔

’’میں نے تو آج کچھ خاص کام نہیں کیا۔ ہاں، آج وینا کی ساس آئی تھی۔ تم تو جانتی ہی ہو کہ وہ کتنی باتیں کرتی ہے۔ ہم نے کئی بار چائے پی۔ تمہاری امّاں نے جتنے لڈّو بنائے تھے وہ سب چٹ کر گئی،‘‘ نانی نے کہا۔

میں نے کسی اچھے جاسوس کی طرح عقل چلائی اور یہ جاننے کی کوشش کی کہ آج نانی
نے کون کون سے کام کیے۔

میں نے ایسی جگہوں میں بھی نانی کا چشمہ تلاش کیا جہاں اس کے ملنے کی امید نہیں تھی،
جیسے ان کی کرسی کے نیچے، کھانے کی میز پر لیکن وہ کہیں نہیں ملا۔ تو پھر چشمہ گیا کہاں؟

میں نے ہر جگہ چھان ماری، جہاں جہاں وہ ہوسکتا تھا۔

غسل خانہ میں، ان کے سَر پر، بستر پر، ان کی الماری میں اور ان کی پوجا کی تھالی میں۔

''ہاں، ہاں، یاد آیا۔ میں بھی کتنی بے وقوف ہوں۔ میری پیاری بچی رِچا کتنی اچھی ہے۔''
وہ ہنس کر کہتیں۔

لیکن اس بار میں ان کا چشمہ تلاش نہیں کر پا رہی تھی۔

ان کا چشمہ کبھی غسل خانہ میں، کبھی ان کے بستر پر اور کبھی ان کے سَر پر رکھا ملتا تھا۔

''نانی امّاں!'' میں کہتی ''آپ کا چشمہ تو آپ کے سَر پر ہے۔''

اس لیے انہیں میری ضرورت پڑتی کہ میں ان کی آنکھیں بَن کر ان کی آنکھیں تلاش کروں۔

نانی اکثر اپنا چشمہ کہیں رکھ کر بھول جایا کرتی تھیں۔ ''میں نے کہاں رکھا تھا؟''
وہ ہمیشہ پوچھا کرتیں۔ اگر ان کی آنکھوں پر چشمہ نہ ہوتا تو وہ چشمہ کیسے تلاش کر پاتیں۔

نانی امّاں کا چشمہ

تحریر: نونی

تصاویر: تانیہ ویاس

ترجمہ: انیس اعظمی

Original Story in English **'Grandma's Glasses'** by Noni
Illustrations: Tanaya Vyas
'Nani Amma Ka Chashma' — Urdu Translation by Anis Azmi

First Urdu Edition: 2015

ISBN: 978-93-5022-288-1

Typesetting and layout: Pratham Books, New Delhi

Printed by: Rave India, New Delhi

Published by: Pratham Books
www.prathambooks.org

Registered office:
PRATHAM BOOKS
#621, 2nd Floor, 5th Main, OMBR Layout
Banaswadi, Bengaluru 560 043
T: +91 80 42052574 / 41159009

Regional Office:
New Delhi
T: +91 11 41042483

The development of this book has been supported by

A SIR RATAN TATA TRUST INITIATIVE

PRATHAM BOOKS

نانی امّاں کا چشمہ

تحریر: نونی

تصاویر: تانیہ ویاس

پڑھنے کا معیار ۲